


# غیر ملکی حکومتوں کے

# جبر کا مہرہ نہ بنیں

## عوام کا تحفظ کرنا

**مارچ ۲۰۲۳**

**دھمکی:**

غیر ملکی حساس ادارے (ایف آئی ایز) اور ایسے عناصر جو ایک جبری حکومت کی پشت پناہی پر امریکہ میں امریکی نژاد افراد کو کو تلاش کرتے ہیں جو کہ امریکہ میں موجود قابل ادراک ناقدین اور مخالفین کو دھمکی اور نقصان پہنچانے میں ان کے آلہ کار بنیں .مثال کے طور پر عوامی جمہوریہ چین، اسلامی جمہوریہ ایران، اور دوسرے ممالک نے امریکی نژاد افراد کو امریکہ میں ایسے افراد کی نگرانی اور ذاتی معلومات اکٹھی کرنے کے لیے استعمال کیا جن کو انکی حکومتیں یہاں اپنا ہدف بنا رہی تھیں. مثال کے طور پر:

- حالیہ دنوں میں، فروری ۲۰۲۲، میں ایک شخص جو بعد میں اسی الزام میں چارج کیا گیا تھا کہ وہ چین کی حکومت کے غیر قانونی آلہ کار کے طور پر کام کرتے ہو یک نجی تفتیش کار اور ایک مقامی امریکی قانون نافذ کرنے والے افسر کے ساتھ مل کر ایسے افراد جو کہ اس کی زد پر تھے ان کو بردستی چین واپس بھیجنے کی کوشش کر رہا تھا۔
- ۲۰۲۰ کے وسط میں ایرانی حساس ادارے نے ایک مقامی تفتیش کار کی خدمات استعمال کرتے ہوئے ،جو کہ ایک ناکام سازش کا حصہ تھی، ایک ایرانی ناقد کو امریکہ سے اغوا کرنا چاہا۔

ایف آئی ایز اور جبری حکومتوں کے دوسرے عناصر امریکی نژاد افراد اور دوسرے گروہوں کو استعمال کر کے امریکہ میں ڈرانے، دھمکانے، حملہ کرنے اور قابل ادراک ناقدین اور مخالفین کو لالچ دے کر ملک سے باہر لے جانے کی کوششوں کو بروئے کار لاتے ہیں۔ دیگر سرگرمیوں کے علاوہ:

- نجی تفتیش کاروں کی بھرتی کرنا
- قانون نافذ کرنے والے افسران کو شریک کار کرنا
- سوشل میڈیا کے ملازمین کی خدمات حاصل کرنا
- مقامی تارکین وطن کی کمیونٹی کے افراد کو بھرتی کرنا

امریکہ میں وہ افراد، کاروبار اور دوسرے نجی ادارے جنہیں ذاتی کوائف کی رسائی ہے انہیں یہ معلومات حاصل کرنے کی نامناسب کوششوں، غیر ملکی ایسی ترغیبی سرگرمیاں جو بدنیتی پر مبنی ہوں سے ہوشیار رہنا چاہیے۔ اگر آپ کو کسی مشکوک درخواست کے بارے میں علم ہو یا موصول ہوئی ہو، آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ آپ کا کوئی عمل کس طرح دوسروں پر اثرانداز ہو سکتا ہے، اور کسی غیر ملکی حکومت کی سازش کا آلہ کار بننے سے بچنے کے لیے کیا اقدامات لیے جا سکتے

ہیں۔ مزید معلومات اور اس خطرے کے بارے میں بشمول اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ نے جو حالیہ فرد جرم عائد کی ہیں اس خطرے کے لیے ایف بی آئی کی ویب سائیٹ کو دیکھیں۔

## اثرات:

جان بوجھ کر امریکہ میں ایف آئی ای کی افراد کو ہدف کرنے میں مدد کرنا نہ صرف غیر قانونی ہے بلکہ نشانہ بنائے گئے متاثرین براہ راست جسمانی اور جذباتی نقصان کا باعث ہو سکتے ہیں۔ اگر ایک غیر ملکی حکومت افراد یا گروہوں کو ہدف بنانے میں آپکی مدد کی درخواست کرتی ہے۔ آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ آپ کے اعمال ان چیزوں میں مدد گار ہوسکتے ہیں:

- آئن لائن ہیکنگ اور غلط معلومات کے پھیلاؤ میں
- اظہار رائے اکی آزادی کو دبانے میں
- اذیت دینے، تعاقب کرنے، حملہ کرنے یا قتل کرنے میں
- کسی فرد کی غیر رضاکارانہ طور پر یا زبردستی (بشمول اغوا کرنا) دوسرے ملک واپسی
- ملکی قوانین کی خلاف ورزی، جو مندرجہ بالا اعمال کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں، ممکنہ طور پر فیڈرل چارجز کے مرتکب ہوسکتے ہیں۔

## تخفیف:

امریکہ میں رہنے والوں کے حقوق کی حفاظت اور اپنے آپ کو جابرانہ حکومتوں کی سازشوں کا مہرہ بننے سے روکنے کے لیے مندرجہ ذیل اقدامات کو ذہن میں رکھیں۔

- آپ سے لین دین کرنے والوں کو جانیں۔ آپ اچھی طرح جان پڑتال کریں جب کوئی آپ کے پاس کسی کی ذاتی معلومات کی تلاش میں یا کسی فرد کی زندگی گزارنے کے بارے میں وضاحت طلب کرے، خصوصاً ایسے شخص کے بارے میں جو کسی جابرانہ حکومت سے نکلے تارکین وطن کی کمیونٹی کا رکن ہو۔
- تحائف لینے کے بارے میں محتاط رہیں، خدمات کے بدلے انعامات کے وعدے کسی شخص یا گروہ کو نقصان پہنچانے کے لیے بدنیتی پر مبنی ہوسکتے ہیں۔
- ذاتی کوائف کی رسائی کو غلط استعمال مت کریں۔ افراد، کاروبار، اور دوسرے نجی ادارے جنہیں ذاتی کوائف کی رسائی ہوتی ہے انہیں چاہیئے کہ ایسے محرکات بنانے کا سوچیں جو شاید تارکین وطن کی کمیونٹی کے افراد کو نشانہ بنانے سے روک سکے۔
- جب شک ہو تو ربط و ضبط قائم کریں۔ غیر ملکی قانون نافذ کرنے والے اداروں کی تمام درخواستیں لازمی طور پر ایف بی آئی اور امریکی اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کریں۔ غیر ملکی حکومتوں کی کچھ درخواستیں کسی شخص یا گروہ کو نقصان پہنچانے کی بدنیتی پر مبنی ہوسکتی ہیں۔
- https://tips.fbi.gov, 1-800-CALL-FBI کسی مشکوک سرگرمی کو رپورٹ کرنے کیلئے یا اپنے مقامی ایف بی آئی کے دفتر سے رابطہ کریں۔

@NCSCgov Follow Us on Linkedin

@FBI Follow Us on Linkedin facebook



رابطہ کے لیے: DNI_NCSC_OUTREACH@DNI.GOV

March 2023